الجامعة البنورية العالمية
پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ سائٹ کراچی پاکستان
دار الإفتاء والقضاء

⊙ Email: darulifta@gmail.com ⊙ Web: http://fatawa.binoria.org ⊙ Ph: +92-21-2560300/2560400 ⊙ Fax: +92-21-2564586

Name :> Abdul Waris
Address :> Faislabad
Sebject :> JAIZ O NA JAIZ

Serial No :> 4047
Fatwa No :> ۳۷۸۸۶
Date :> 19/3/2008
Email :>

Question :>
**Mufti Sahib,Asalaamu alaikum warahmatullah,Agar mobile rakhna Madarsa ke qanoon ka khilaaf ho,to agar koi chupke se rakhta hai apni shadeed Zaruriyaat ko pura kerne ke liya to kia woh gunaahgaar hoga?Madarsa ke qanoon ka kia hukum hai?kia woh hum par farz hai? Bare karam jawaab de**

مفتی صاحب: السلام علیکم ورحمۃ اللہ ، اگر موبائل رکھنا مدرسہ کے قانون کے خلاف ہو، تو اگر کوئی چپکے سے رکھتا ہے اپنی شدید ضروریات کو پورا کرنے کیلئے تو کیا وہ گنہ گار ہوگا؟ مدرسہ کے قانون کا کیا حکم ہے؟ کیا وہ ہم پر فرض ہے؟ برائے کرم جواب دے عبدالوارث فیصل آباد

الجواب حامدا ومصلیا

داخلہ فارم پُر کر کے مدرسہ کے جملہ اصول وضوابط کی پاسداری کا عہد کر لینے کے بعد اس کا پورا کرنا واجب ہو جاتا ہے، بشرطیکہ وہ خلاف شرع نہ ہوں، لہٰذا کسی ادارہ میں اگر طالب علم کے لئے مدرسہ کے احاطے، یا تعلیمی اوقات میں اساتذہ یا انتظامیہ کیطرف سے موبائل فون کے استعمال پر پابندی ہو تو ان مواقع میں اس کا استعمال بغیر اجازت بلاشبہ گناہ کی بات ہے، اس لئے بلا اجازت استعمال کرنے سے احتراز لازم ہے۔!

قال اللہ تعالیٰ فی القرآن: "واوفوا بعهد الله اذا عاهدتم"! آیۃ ۹۱ سورۃ النحل ۱۶ پ ۱۴

وقوله تعالیٰ: "واوفوا بالعهد ان العهد كان مسئولا" ۝ آیۃ ۳۴ سورۃ الاسراء ۱۷ پ ۱۵

وفی احکام القرآن للجصاص: - قال الله تعالیٰ «"يا أيها الذين آمنوا اطيعوا الله واطيعوا الرسول واولى الامر منكم"» - فروى عن جابر بن عبد الله وابن عباس رواية والحسن وعطاء ومجاهد انهم اولوا الفقه والعلم - - - والعلماء يلون حفظ الشريعة وما يجوز مما لا يجوز فامر الناس بطاعتهم والقبول منهم ما عدل الامراء والحكام وكان العلماء عدولا مرضيين موثوقا بدينهم وامانتهم فيما يؤدون وهو نظير قوله تعالیٰ

جاری ہے۔

«فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون» ـ ـ ـ ـ

وقوله تعالى عقيب ذلك «فان تنازعتم فى شئ فردوه الى الله والرسول» يدل على ان اولى الامر هم الفقهاء لانه امر سائر الناس بطاعتهم الى آخره (ج-٢-ص-٢١٠)

وفى احكام القرآن لظفر احمد التهانوىؒ: . وكذا يشمل الفقهاء والعلماء والمشائخ، بل أولى، لأنهم ورثة الانبياء وخازنوا أحكام الله وأحكام رسوله ـ ـ ـ ـ ـ

طاعة الامير فيما لا يخالف الشرع: مسئلة: وهذا الحكم أى وجوب طاعة الأمير مختص بما لم يخالف أمر الشرع، يدل عليه سياق الآية، فإن الله تعالى أمر الناس بطاعة أولى الأمر بعد ما أمرهم بالعدل فى الحكم تنبيها على أن طاعتهم واجبة ما داموا على العدل. كذا فى تفسير المظهرى (١٥٢:٢) (ج-٢-ص-٢٩٦)

والله اعلم بالصواب

احقر عبد المجيد عفى عنه

دار الافتاء الجامعة البنورية

١٦ ربيع الثانى ١٤٢٩ھ

الجواب صحيح

محمد سيف الرحمن

دار الافتاء جامعه بنوريه

١٨ ربيع الثانى ١٤٢٩ھ

الجواب صحيح

عبد الشكور

دار الافتاء جامعه بنوريه

٢٠ ربيع الثانى ١٤٢٩ھ

نائب رئيس دار الافتاء جامعه بنوريه العالميه

رئيس دار الافتاء جامعه بنوريه العالميه

دار الافتاء

١١٥١٥